نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت گندم کی کٹائی بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق چھوٹے کاشتکاروں سے گندم ترجیحی بنیادوں پر خریدی جائے گی۔افتخار علی سہو

لاہور:**17**اپریل**2026**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت گندم کی کٹائی بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں اور ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر فسران نے شرکت کی جبکہ فیلڈ فارمیشنز زراعت (توسیع) و کراپ رپوٹنگ کے افسران بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ بھر میں گندم کی ہارویسٹنگ کا عمل جاری ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ گندم کے کاشتکاروں کو کٹائی، گہائی اور سٹوریج بارے فنی راہنمائی فراہم کی جائے۔انہوں نے کہا کہ ابتدائی تخمینہ کے مطابق صوبہ میں گندم کی پیداوار کا مقرر کردہ ہدف کا حصول یقینی بنایا جائے گا۔افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں گندم کی کٹائی کا عمل قریباً 40 فیصد رقبہ پر مکمل ہو چکا جبکہ گندم کی خریداری کیلئے کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق چھوٹے کاشتکاروں سے گندم ترجیحی بنیادوں پر خریدی جائے گی۔گندم کی خریداری کیلئے صوبہ بھر میں 233 سینٹرز مکمل فعال کر دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆